# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی

مراسلہ نمبر: OIA/455 /26    www.biserawalpindi.edu.pk    تاریخ: 19-08-2026

Reg.# 051-5450928

## شیڈول

منجانب

سیکرٹری

بنام

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات ملحقہ راولپنڈی بورڈ۔

**عنوان: رجسٹریشن/داخلہ شیڈول گیارہویں جماعت (فرسٹ ائیر) برائے تعلیمی سیشن 2026-2028**

السلام علیکم!

آپ کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ جناب چیئر مین نے PBCC کی طرف سے آمدہ مراسلہ نمبر SO(Boards)Meetings/PBCC/2026 مورخہ 19-08-2026 کے مطابق امسال ریگولر اُمیدواران (بورڈ سے الحاق شدہ تمام سرکاری اور پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے اُمیدواران) گیارہویں جماعت میں آن لائن رجسٹریشن/داخلہ کا درج ذیل شیڈول مقرر کیا ہے۔

| نمبر شمار | شیڈول | ادارہ میں داخلہ، آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بمع جمع شدہ فیس چالان و دیگر دستاویزات دفتر میں جمع کروانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|
| 01 | سال اوّل میں بغیر لیٹ فیس کے ساتھ داخلہ فی طالبعلم | 21-08-2026 تا 05-10-2026 |
| 02 | -/600 روپے لیٹ فیس کے ساتھ داخلہ فی طالب علم | 06-10-2026 تا 20-10-2026 |
| 03 | ادارہ جات میں (مقررہ تواریخ) تک داخل کیے گئے طلبا و طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن یومیہ جرمانہ مبلغ -/200 روپے کے ساتھ جمع کرانے کا معاملہ | ایسے طلبا و طالبات جن کا داخلہ اداروں میں مقرر کردہ درج بالا داخلہ شیڈول میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی/ نہ ہی BATCH بنا سکے/ نہ ہی دفتر ہذا میں رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی ان اُمیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالبعلم/ طالبہ کے علاوہ یومیہ مبلغ -/200 روپے جرمانہ فی اُمیدوار اور داخلہ ریکارڈ/ داخل خارج رجسٹر کی مصدقہ نقل کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ (Triple) تین گنا فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔<br>اسکے بعد سال اوّل کا امتحان شروع ہونے سے 3 دن قبل جرمانہ فی طالبعلم/ طالبہ مبلغ -/500 روپے یومیہ فیس کے ساتھ رجسٹریشن ہو سکے گی۔ (طالبعلم کا درج بالا شیڈول میں داخل ہونا ضروری ہے۔) |
| 04 | رجسٹریشن فیس | Rs. 1000/-Per Student |
| 05 | پروسیسنگ فیس (1000) + سپورٹس فیس (200) + سکالرشپ فیس 350) + ڈویلپمنٹ فنڈ (400) | Rs. 1950/-Per Student |
| 06 | بغیر لیٹ ٹوٹل فیس | Rs. 2950/-Per Student |

**<u>ضروری نوٹ: تمام سربراہان ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیئر پرسن کے اجلاس منعقدہ مورخہ 18-02-2026 کی شق نمبر 10 کے تحت بائیو میٹرک حاضری لازمی قرار دی گئی ہے۔ جماعت گیارھویں کی رجسٹریشن کرتے وقت طلباء/ طالبات دونوں انگوٹھوں کی فنگر پرنٹس کی لائیو سکینگ بذریعہ ڈیوائس نمبر (SECUGEN HU20-A FINGERPRINT READER) کے ذریعے کی جائے گی۔ دفتر کو آن لائن رجسٹریشن کے بعد اس کے ساتھ Fowarding Letter, Cut list, Revenue Form, اور فیس کا اصل چالان منسلک کیا جائے۔</u>**

**<u>رجسٹریشن پروف ریڈنگ فارمز ہرگز منسلک نہ کریں۔</u>**

بمطابق شیڈول مینول رجسٹریشن ریٹرن قطعاً قابل قبول نہ ہوگی۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ آن لائن کٹ لسٹ پر اُمیدواران کے دستخط اور انگوٹھے کا واضح نشان ہو جس کی بائیو میٹرک تصدیق ہوگی اور سربراہ ادارہ کی تصدیق، ریونیو لسٹ پر کمپیوٹرائزڈ بنک چالان چسپاں ہو، فارورڈنگ لیٹر، دوسرے بورڈ کی صورت میں اصل NOC اور متعلقہ بورڈ سے میٹرک رزلٹ کارڈ تصدیق شدہ ہو۔ بصورت دیگر کٹ لسٹ جمع نہیں ہوگی۔

1۔ رجسٹریشن ریٹرن سے متعلقہ فارم اور ضروری رہنمائی بورڈ کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk پر دستیاب ہیں۔ مذکورہ بالا دی گئی تواریخ پر سختی سے عمل کیا جائے آن لائن رجسٹریشن ریٹرن اور فیس چالان بروقت بورڈ آفس جمع نہ کرانے کی صورت میں مقررہ تاریخ کے بعد متعلقہ ادارہ کو **مبلغ -/500 روپے** یومیہ جرمانہ فی یوم ادا کرنا ہوگا۔ یہ جرمانہ ناقابل معافی ہوگا اور نہ ہی اس کے بارے میں اپیل کی جا سکے گی۔ نیز چیک کسی بھی صورت میں قابل قبول نہ ہوگا۔

2۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن میں طلباء/ طالبات کے نام/ ولدیت کے (Spelling)، ب فارم، تاریخ پیدائش بمطابق ریکارڈ میٹرک سند/ رزلٹ کارڈ مکمل اور درست لکھے جائیں۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن طلباء/ طالبات کو ملاحظہ کروا کر متعلقہ کالم میں ان کے دستخط اور نشان انگوٹھا لگوایا جائے۔ رجسٹریشن ریٹرن کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کے دستخط و مہر ثبت ہونا ضروری ہے۔

CS CamScanner

## -3 Batch Deletion / Registration Cancellation

ادارہ میں داخل شدہ تمام گروپس کے طلباء و طالبات کا BATCH بھی علیحدہ سے بنائیں اور فیس کا آن لائن /کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان بھی علیحدہ سے ہی جمع کروانا ہوگا۔ Creation of Batch کے بعد ادارہ جات اگر Batch ختم (Delete) کروانا چاہتے ہوں تو Batch ختم Delete کرنے کی سہولت ادارہ کے پورٹل پر دے دی گئی ہے۔جس سے ادارہ فیس جمع کروانے سے پہلے بغیر کسی چارجز کے Batch ختم (Delete) کر سکتا ہے۔ Batch کی فیس جمع ہونے کے بعد Batch (delete) نہیں کیا جائے گا اور تمام تر درستگی رجسٹریشن شیڈول کی فیسوں کے مطابق رجسٹریشن کارڈ پر لگائی جائے گی اور کسی امیدوار/امیدوارہ کی رجسٹریشن ختم (Delete) کی فیس **مبلغ-/2450 روپے** ہے۔(داخلہ شیڈول جاری ہونے کے بعد ادارہ کی جانب سے انڈر ٹیکنگ دینی ہوگی کی رجسٹریشن کینسل کروانے والے طالب علم کا داخلہ نہیں بھجوایا گیا اور اگر بھجوادیا گیا تھا تو کینسل کروادیا گیا ہے) اور امتحان کی تین گنا فیس تک رجسٹریشن کینسل کرواسکتا ہے۔مدھم اور غیر واضح پرنٹ ہرگز قبول نہیں کیا جائیگا۔

## -4 رجسٹریشن فیس جمع کروانے کا طریقہ کار

**رجسٹریشن کی تمام فیسیں MCB بینک کے کاؤنٹر پر جمع ہوں گی اور دفتر ہذا نے ادارہ کی سہولت کیلئے آن لائن ادائیگی کیلئے HBL (1Bill/Voucher) کے ذریعے چالان نمبر سے پہلے (1016205144) کوڈ درج کر کے فیس جمع کروانے کی سہولت دے دی ہے اور جب تک فیس جمع نہیں ہوگی کٹ لسٹ اور ریونیولسٹ ڈاؤن لوڈ نہیں ہوسکے گی۔مینول چالان قابل قبول نہ ہوگا۔کسی بھی مسئلہ کی صورت میں رجسٹریشن برانچ کے نمبر (051-5450928) پر رابطہ کریں۔**

| | |
|---|---|
| HBL(1Bill/Voucher) | **HBL میں فیس جمع کروانے کیلئے صرف HBL(1Bill/Voucher) کے ذریعے فیس جمع ہوگی۔HBL کے کاؤنٹر پر جمع نہ ہوگی** |
| MCB(Counter) | **MCB میں فیس جمع کروانے کیلئے صرف MCB(Counter) پر جمع ہوگی اکاؤنٹ نمبر (1554505511016379)** |

### درستگی مضامین کی فیس:

| |
|---|
| 1) تبدیلی مضمون/مضامین کی آخری تاریخ (28-02-2027)<br>تبدیلی مضمون کی مروجہ فیس **مبلغ-/1470 روپے** اور تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس **مبلغ-/2470 روپے** |
| 2) جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ (امتحان شروع ہونے سے 20 دن قبل تک)<br>جرمانہ کے ساتھ تبدیلی مضمون کی مروجہ فیس **مبلغ-/2670 روپے** اور تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس **مبلغ-/3570 روپے** |
| 3) مضمون/مضامین اور گروپ کی تبدیلی امتحان شروع ہونے ایک دن قبل درج شیڈول کے تحت کی جائے گی۔<br>تبدیلی مضمون کی مروجہ فیس **مبلغ-/4070 روپے**/تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس **مبلغ-/4970 روپے** |
| 4) مضمون/مضامین اور گروپ کی تبدیلی دوران امتحان متعلقہ دونوں پرچوں سے ایک دن قبل درج شیڈول کے تحت کی جائے گی۔<br>تبدیلی مضمون کی مروجہ فیس مبلغ **-/5270 روپے** اور تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس **مبلغ-/6270 روپے** |

## -5 رجسٹریشن ریٹرن میں درستگی کا طریقہ

رجسٹریشن ریٹرن میں درج کوائف کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر ہوگی۔رجسٹریشن ریٹرن میں کوائف درست کرنے کی فیس **مبلغ-/1270 روپے** اور تصویر درستگی فیس مبلغ **-/1370 روپے** ہے نیز تصویر کی درستگی صرف انٹر پارٹ-I (جماعت گیارہویں) میں امتحان شروع ہونے سے قبل رجسٹریشن برانچ کرے گی۔امتحان شروع ہونے کے بعد تصویر درستی انٹر برانچ سے ہوگی۔کسی بھی قسم کے کوائف کی درستگی کیلئے ادارہ کی طرف سے درخواست ، میٹرک کی سند/ رزلٹ کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی ، رجسٹریشن کارڈ کا اور اصل بینک چالان امتحان انٹر پارٹ-I شروع ہونے سے لے کر رزلٹ کی اشاعت تک کی جائے گی اور اس کے بعد امتحان انٹر پارٹ-II کے رزلٹ آؤٹ ہونے سے قبل بورڈ فیصلہ کے تحت مروجہ فیس درستگی نام **مبلغ-/4000 روپے** اور ولدیت کی درستگی مبلغ **-/5500 روپے** کی ادائیگی پر درستگی انٹر برانچ کرے گی۔

## -6 Re-Admission کا طریقہ کار

(i) **ری ایڈمیشن:** تعلیمی سیشن 2023-2021 تا 2027-2025 میں رجسٹرڈ ہونے والے اُمیدواران ،فرسٹ ایئر کا امتحان دے کر کسی بھی مضمون میں 33% سے کم نمبر لینے والے، فیل یا غیر حاضر ہونے والے طلباء و طالبات فرسٹ ایئر کسی بھی ادارہ میں دوبارہ داخلہ (Re-Admission) لے سکتے ہیں اور ادارہ دفتر ہذا کو فرسٹ ایئر کا نتیجہ شائع ہونے کے بعد اندر 30 ایام آن لائن ری ایڈمشن رجسٹریشن ریٹرن بمعہ ری ایڈمشن فیس **مبلغ-/2950 روپے فی** طالبعلم کے حساب سے جمع کرائیں گے۔نیز انٹر پارٹ-I کا امتحان پاس کرنے والے اُمیدواران دوبارہ داخلہ لینے کیلئے مروجہ فیس کے عوض اپنا رزلٹ انٹر برانچ سے کینسل کرائیں گے اور بیان حلفی (Affidavit) دیں گے کہ پارٹ-II کا امتحان نہ دیا ہے اور نہ ہی دیں گے اور پوزیشن آنے کی صورت میں وہ اہل نہ ہوں گے۔فرسٹ ایئر کا نتیجہ شائع ہونے کے بعد 30 ایام گزرنے کے بعد ری ایڈمیشن ،رجسٹریشن کی شق نمبر 3 کے مطابق وصول کیا جائے گا۔

(ii) وہ اُمیدواران جو انٹر پارٹ-II میں شامل امتحان ہوئے ہیں یا ان کو رولنمبر سلپ جاری ہوئی ہو وہ کسی صورت میں بھی رجسٹریشن/ری ایڈمشن کے اہل نہ ہیں۔خلاف ورزی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔

(iii) سال اوّل کے انٹر کے سالانہ 2026 میں شامل امتحان ہونے والے PRIVATE اُمیدواران دوبارہ کسی ادارہ میں بطور ریگولر اُمیدوار ری ایڈمیشن لے سکتے ہیں۔تاہم پاس ہونے کی صورت میں اپنا رزلٹ انٹر برانچ سے کینسل کروائیں گے اور رزلٹ کی اشاعت کے بعد 30 ایام کے اندر آن لائن پورٹل کے ذریعہ RE-ADMISSION کروائیں گے۔

CS CamScanner

03-(04)

7- **دوسرے بورڈ سے آنے والے اُمیدواران کی رجسٹریشن کا طریقہ کار**

بورڈ ٹو بورڈ مائیگریشن: ایسے طلباء و طالبات جو دوسرے بورڈز میں پارٹ-I اور پارٹ-II میں زیرِ تعلیم ہیں وہ متعلقہ بورڈ سے مائیگریشن کی بنیاد پر NOC جاری ہونے کی تاریخ سے 45 ایام کے اندر داخلہ لے سکتے ہیں اور اصل NOC، انٹر پارٹ-I رزلٹ کارڈ اور میٹرک کارڈ دونوں متعلقہ بورڈ سے تصدیق شدہ، پرنسپل کا (Forwarding letter) اور رجسٹریشن فیس **مبلغ -/2950 روپے** کا بینک چالان آن لائن رجسٹریشن ریٹرن جمع کروانی ہوگی اور تاخیر کی صورت میں رجسٹریشن ریٹرن یومیہ **-/500 روپے** جرمانہ کے حساب سے جمع کروانی ہوگی۔

8- **GCO LEVEL/IBCC (جنرل Curriculum آؤٹ کم) :**

ایسے طلباء و طالبات جنہوں نے GCO لیول کا سالانہ امتحان 2026ء میں پاس کیا ہو، پرنسپل کو چاہیے کہ اُن کا داخلہ چیئرمین IBCC اسلام آباد کی طرف سے جاری کردہ ایکولینس سرٹیفکیٹ اور مارکس شیٹ کالج کو فراہم کریں نیز اس کے ساتھ ادا کردہ رجسٹریشن فیس کا اصل بینک چالان، ایکولینس سرٹیفکیٹ (IBCC سے تصدیق شدہ فوٹو کاپی) اور پاس کردہ امتحانات کی مارکس شیٹ کی فوٹو کاپیاں، مالیاتی فارم اور پرنسپل کا Forwarding letter منسلک کریں۔

9- **کالج ٹو کالج مائیگریشن**

ایسے طلباء طالبات جو کسی دوسرے کالج میں مائیگریشن کروانا چاہتے ہوں ان کا فارم برائے تبدیلی کالج رجسٹریشن جمع ہونے کے 45 ایام کے بعد NOC اجراء کیلئے درخواست دیں مائیگریشن فیس مبلغ -/3000 روپے مقرر ہے۔ ایک ہی ضلع میں واقع کالجوں میں لوکل مائیگریشن کی قطعاً اجازت نہ ہے۔ واضح رہے کہ دفتر کی اجازت کے بغیر کی گئی مائیگریشن قابل قبول نہ ہوگی۔

10- **ELEGIBILITY OF MATRIC ARTS SUBJECT STUDENT (اہلیت بابت میٹرک آرٹس گروپس)**

بحوالہ بورڈ فیصلہ نمبر 17 مورخہ 26-09-2020 ایسے تمام اُمیدواران جنہوں نے آرٹس گروپ کے ساتھ میٹرک پاس کیا ہو وہ سائنس مضامین (پری میڈیکل، پری انجینئرنگ) میں داخلہ کے اہل نہ ہیں۔

11- **انٹر پارٹ-II میں اگر کوئی بھی اُمیدوار شامل امتحان ہوا** یا اسکو انٹر پارٹ-II کا رول نمبر جاری ہوا ہو وہ دوبارہ فرسٹ ایئر میں داخلے کا اہل نہ ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔

12- **پرائیویٹ اداروں کی بورڈ کے الحاق لیٹر کے بغیر رجسٹریشن ریٹرن جمع نہ ہوگی۔**

(i) سالانہ انسپیکشن فیس سال 2026-2027 مبلغ **-/12,000 روپے** بورڈ اکاؤنٹ میں علیحدہ جمع کروا کر چالان نمبر 4 چسپاں کریں اگر فیس جمع ہے تو شعبہ تسلیم سے کلیئرنس سٹرفکیٹ لے کر منسلک کریں۔ (واضح رہے کہ ادارے کا معائنہ کسی بھی وقت کیا جا سکتا ہے۔

(ii) تمام الحاق شدہ گورنمنٹ/ پرائیویٹ/ کمیونٹی ماڈل ادارہ جات فقط اپنے ادارہ میں داخل شدہ طلباء/ طالبات کی رجسٹریشن کرنے کے مجاز ہیں۔ کسی بھی غیر رجسٹرڈ/ غیر الحاق شدہ ادارہ کے طلباء/ طالبات کی رجسٹریشن اپنے ادارہ کے طلباء/ طالبات ظاہر کرتے ہوئے بھجوانے کی صورت میں ادارہ کے خلاف کارروائی کی جائے گی اور بورڈ سے الحاق ختم کر دیا جائے گا۔

(iii) رجسٹریشن ریٹرن ارسال نہ کرنے کی صورت میں بھی سالانہ معائنہ فیس **مبلغ -/12000 روپے** جمع کروانا لازم ہے۔

13- **CO-EDUCATION**

سربراہان ادارہ کسی MALE کو FEMALE اور FEMALE کو MALE ادارہ میں داخل نہیں کر سکتے، خلاف ورزی کرنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔ ادارہ کا الحاق بورڈ سے ختم کر دیا جائے گا اور تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ البتہ گورنمنٹ آف پنجاب کی طرف سے مخصوص ضم کئے گئے کالجز کے علاوہ کسی ادارے کو میل کو فی میل یا فی میل کو میل کے ادارے میں اَپ لوڈ کرنے کی اجازت ہرگز نہ ہوگی۔

پروفیسر امجد اقبال
سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع و تشہیر و ضروری کارروائی:

۱۔ راولپنڈی بورڈ سے الحاق شدہ تمام تعلیمی اداروں کے سربراہان
۲۔ ڈائریکٹر کالجز راولپنڈی ڈویژن، اڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) اٹک، چکوال، جہلم، راولپنڈی، مری، تلہ گنگ
۳۔ سی۔ای۔او (ایجوکیشن) اٹک، چکوال، جہلم، راولپنڈی، مری، تلہ گنگ،
۴۔ جملہ پنجاب بورڈز
۵۔ پی آر او بورڈ ہذا (برائے تشہیر پرنٹ/ الیکٹرانک میڈیا)
۶۔ داخلی تقسیم

CS CamScanner